PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# رائے عامہ سروے
## موضوع: " سماجی"
## " صنفی مساوات"

**8 میں سے 2**

## دنیا بھر سے، ہر 5 میں سے 3 (60%) جوابدہندگان کے مطابق ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں مردوں اور عورتوں کو صنف کے لحاظ سے یکساں حقوق / مواقع حاصل ہیں۔پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد (70%) بھی ایسے خیالات کا اظہار کرتی ہے ۔

**(گیلپ & ون ورلڈ سروے 2019)،**


اسلام آباد، 10 مارچ، 2020

ون ورلڈ سروے کے مطابق، دنیا بھر میں 60% جوابدہندگان کے مطابق ان کے ممالک میں ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں مردوں اور عورتوں کو صنف کے لحاظ سے مکمل طور پر یا کسی حدتک یکساں حقوق حاصل ہیں۔

یہ پول خواتین کے عالمی دن جو ہر سال 8 مارچ کو منایا جاتا ہے کے اعزاز میں جاری کیے جانے والے پول کی سیریز کا حصہ ہے۔

دنیا بھر سے 40 ممالک میں 29,368 خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **" آپ کو کیا لگتا ہے کہ ہمارے ملک میں ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں صنفی برابری ہے یعنی کہ مردوں اور عورتوں کو جنس کے لحاظ سے کس حدتک یکساں مواقع / حقوق حاصل ہیں ؟"**، اس سوال کے جواب میں 60% جوابدہندگان کے مطابق ہمارے ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں مردوں اور عورتوں کو صنف کے لحاظ سے مکمل طور پر یا کسی حدتک یکساں مواقع / حقوق حاصل ہیں ، 35% جوابدہندگان کے مطابق ہمارے ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں مردوں اور عورتوں کو صنف کے لحاظ سے بہت کم یا بالکل بھی یکساں مواقع / حقوق حاصل نہیں ہیں، تاہم 5% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ دنیا بھر سے، ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں صنفی برابری کا نیٹ انڈکس 25% پایا گیا ہے۔

"آپ کو کیا لگتا ہے کہ ہمارے ملک میں ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں صنفی برابری ہے یعنی کہ مردوں اورعورتوں کو جنس کے لحاظ سے کس حد تک یکسساں مواقع / حقوق حاصل ہیں ؟"





*Source: WIN World Survey 2019*
*Field work in Pakistan conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

**پاکستان کے نتائج: پاکستانی ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں صنفی برابری کے حوالے سے سب سے زیادہ پرامید ہیں۔**

پاکستانیوں کی بڑی تعداد (70%) کے مطابق ہمارے ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں مردوں اور عورتوں کو صنف کے لحاظ سے مکمل طور پر یا کسی حدتک یکساں مواقع / حقوق حاصل ہیں، جبکہ 29% جوابدہندگان اس بات سے غیر متفق ہیں۔ نیٹ انڈیکس * (% مکمل طور پر یکساں مواقع / حقوق + کسی حدتک یکساں مواقع / حقوق) -(% بہت کم یکساں مواقع / حقوق + بالکل بھی یکساں مواقع / حقوق نہیں) پاکستان میں 41% ہے۔

## دنیا بھرمیں جنس کے نتائج کی بنیاد پر: مرد حضرات ملازمت کرنے کی جگہ / دفاترمیں صنفی برابری کے حوالے سے زیادہ مثبت محسوس کرتے ہیں۔

جنس کے نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ 65% مرد حضرات اور 56% خواتین کے مطابق ہمارے ملک میں ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں مردوں اور عورتوں کو صنف کے لحاظ سے یکساں مواقع / حقوق حاصل ہیں ۔




*Source: WIN World Survey 2019*
*Field work in Pakistan conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

## ممالک کے لحاظ سے تجزیہ: ملازمت کرنے کی جگہ / دفاترمیں صنفی برابری کے حوالے سے ویتنام سب سے اوپرہے۔

40 ممالک میں یہ سروے کیا گیا، 35 ممالک کا ملازمت کرنے کی جگہ / دفاتر میں صنفی برابری کے حوالے سے مثبت نیٹ انڈیکس ہیں ۔ نیٹ انڈیکس کے حوالے سے ویتنام 70% کے ساتھ سب سے اوپر ہے، اس کے بعد فلپائن میں نیٹ انڈیکس 67% ہے ۔ اس کے برعکس، فرانس میں انڈیکس -28% ہے اور جاپان میں انڈیکس سب سے کم -32% ہے ۔

یہ مطالعہ ڈبلیوڈبلیو ایس (ون ورلڈ وائیڈ سروے ) کے سروے کے حصے کے طور پر جاری کیا گیا، یہ سروے ہر سال کیا جاتا ہے جس کا مقصد معاشرے اور کاروبار سے متعلقہ موضوعات سے متعلق لوگوں کے خیالات، توقعات، خدشات کو جان سکیں ۔ دنیا بھر سے 40 ممالک سے کل 29،368 افراد سے انٹرویو لیا گیا ۔جو کہ اکتوبر 2019 تا دسمبر 2019 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 2.4% سے لے کر 4.4% لگایا گیا ہے ۔ گلوبل ایوریج کا تخمینہ سروے منعقد کئے جانے والے ممالک کی بالغ آبادی کے تناسب سے لگایا گیا ہے ۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 10 March 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2020

celebrating 40 years

of Gallup Pakistan
(1980-2020)